پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ضلع لکھیم پوری کھیری میں شاردا معاون یو جک نہر کے دائیں کنارے کے پچھ کلو میٹر پر اضافی برم ہٹانے کی اسکیم کے لیے 22 لاکھ روپئے کی رقم جاری

لکھنؤ: 29 نومبر 2021

محکمہ آبپاشی و آبی وسائل کے ذریعہ ضلع لکھیم پور کھیری میں شاردا معاون یو جک نہر کے دائیں کنارے کے 6.450 سے 8.200 کلومیٹر تک اضافی برم ہٹانے کے کام کی اسکیم کے لیے مجوزہ رقم 22.96 لاکھ روپئے کے مقابلہ 22 لاکھ روپئے اسکیم کے باقی کاموں پر خرچ کے لیے جاری کیے جانے کی منظوری دی گئی ہے۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 29 نومبر 2021 کو ضروری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس اسکیم کے لیے جاری کی گئی رقم سے کرائے گئے کاموں سے متعلق چیف انجینئر کے ذریعہ مقامی معائنہ کر فوٹو گرافس نیز جاری کی گئی رقم ٹریزری سے نکالنے کا تصدیق نامہ وغیرہ کی اطلاع حکومت کو مہیا کرانا ہوگا۔

اس کے علاوہ اسکیم کا تعمیری کام بروقت مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم ناموں پر عمل ضروری طور پر کیا جائے۔ رقم کا خرچ منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے۔ ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے پر اس کی تمام جواب دہی محکمہ کی ہوگی۔ منظور رقم کا استعمال منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے۔ ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے کی تمام جواب دہی محکمہ کی ہوگی۔

☆☆☆☆☆